تحت بدل دو نظام دعوتی کیمپ میں خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر نائب امیر صوبہ مولانا عارف دمڑ ڈپٹی جنرل سیکرٹری پروفیسر سلطان محمد کاکڑ ظہور احمد کاکڑ ودیگر ذمہ داران بھی موجود تھے بعد ازاں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ذمہ داران کے ہمراہ خانوزئی بازار میں دکانوں پر جا کر تاجروں دکانداروں کو جماعت اسلامی کا ممبر بننے وشمولیت کی دعوت دی انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ سب کو آزمانے کے بعد جماعت اسلامی پر اعتماد کر کے ساتھ دیا جائے شمولیت اختیار کریں دکاندار نوجوان تاجر وشہری علماء کرام اور طلباء کو دعوت دیتے ہیں کہ ظلم وجبر ورشوت

ٹراما سینٹر سول ہسپتال کا ایمرجنسی کی صورتحال میں اہم کردار ہے، پشتونخوامیپ

ٹراما سینٹر کو ختم یا حیثیت تبدیل کرنے کے اقدامات قابل گرفت ہیں، صوبائی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں سنڈیمن سول ہسپتال ٹراما سینٹر کو ختم یا اس کی حیثیت تبدیل کرنے کے اقدامات قابل گرفت اور قابل مذمت ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر کی لاکھوں آبادی کیلئے کسی بھی چھوٹے، بڑے حادثے، ایمرجنسی یا ہنگامی صورتحال میں سول ہسپتال کا ٹراما سینٹر نہایت اہم کردار ادا کرتا ہے کیونکہ یہ شہر کے وسط میں واقع ہے اور مریضوں کی رسائی اور فوری......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

طبی امداد کی فراہمی ممکن رہی ہے۔ جب نئے ٹراما سینٹر کے قیام کا منصوبہ بنایا گیا تھا اُس وقت بھی پارٹی کا یہی موقف تھا کہ پرانے ٹراما سینٹر کو ہرگز ختم نہ کیا جائے بلکہ دونوں مراکز کو فعال رکھا جائے تاکہ مریضوں کو بروقت اور بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اب سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر کی عمارت کو شعبہ حادثات میں تبدیل کرنے اور ٹراما سینٹر کو غیر فعال بنانے کی اطلاعات تشویشناک ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ماضی میں کسی بھی بڑے حادثے یا ایمرجنسی کی صورت میں فوری طور پر ڈاکٹرز اور طبی عملے کو طلب کیا جاتا تھا لیکن اب دانستہ طور پر سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر کو کمزور اور غیر موثر بنانے کی کوششیں کی جارہی ہیں مشینری اور ضروری سہولیات کی منتقلی کی خبریں بھی عوام میں شدید بے چینی پیدا کررہی ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ سول ہسپتال کے موجودہ ٹراما سینٹر کو فوری طور پر مکمل فعال رکھا جائے اور شعبہ حادثات کے لئے مزید جدید عمارت تعمیر کی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 18 MAY 2026 Page No. 14

علمی شخصیات کو نشانہ بنانا معاشرے کو تاریکی میں دھکیلنے کے مترادف ہے، بی این پی

جو لوگ نوجوان نسل کو شعور، آگاہی، تاریخ اور حقائق سے روشناس کرا رہے ہیں انہیں خاموش کرنے کیلئے گولی، اغوا اور تشدد کا راستہ اختیار کیا جا رہا ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے ممتاز استاد، دانشور اور علمی شخصیت پروفیسر غمخوار حیات کو بے دردی سے گولیوں کا نشانہ بنا کر شہید کیے جانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں اہل علم، اساتذہ، دانشوروں اور شعور و آگاہی پھیلانے والی شخصیات کے خلاف جاری پرتشدد کارروائیاں ایک گھناؤنی سازش اور منظم دہشت گردی کی شکل اختیار کر چکی ہیں جو بلوچ نسل کشی کا تسلسل ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پروفیسر غمخوار حیات کا قتل محض ایک فرد کا قتل نہیں بلکہ علم، شعور، فکر، تعلیم اور قومی بیداری پر حملہ ہے۔ جو لوگ نوجوان نسل کو شعور، آگاہی، تاریخ اور حقائق سے روشناس

بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر

کرا رہے ہیں، انہیں خاموش کرانے کے لیے گولی، اغوا اور تشدد کا راستہ اختیار کیا جا رہا ہے۔ یہ عمل نہ صرف قابل مذمت بلکہ انسانیت، تہذیب اور معاشرتی اقدار کے خلاف کھلی جنگ ہے۔ بیان میں کہا کہ اس سے قبل یونیورسٹی کے وائس چانسلر عبدالرزاق صابر اور پرو وائس چانسلر کے اغوا کے واقعات نے بھی واضح کر دیا کہ بلوچستان میں تعلیمی اداروں اور علمی شخصیات کو خوفزدہ اور مفلوج بنانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ مسلسل قتل، اغوا اور دھمکیوں کے باوجود کسی قسم کی سنجیدگی دکھائی نہیں دی گئی، جس کے باعث آج اساتذہ، پروفیسرز اور تعلیم یافتہ طبقہ عدم تحفظ کا شکار ہے۔ بیان میں مزید کہا کہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بلوچستان کے ان لوگوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے جو معاشرے میں علم، شعور، سیاسی آگاہی اور فکری بیداری پیدا کر رہے ہیں۔ اساتذہ کو قتل کرنا دراصل ایک پوری نسل کے مستقبل کو قتل کرنے کے مترادف ہے۔ اگر اہل علم، استاد، دانشور اور تعلیمی شخصیات محفوظ نہیں رہیں گی تو معاشرہ جہالت، خوف اور تاریکی کے سوا کچھ حاصل نہیں کر سکے گا۔ بلوچستان نیشنل پارٹی پروفیسر غمخوار حیات کی شہادت کو بلوچ قومی شعور، تعلیم اور فکری آزادی پر حملہ تصور کرتی ہے اور اس قسم کے انسانیت سوز واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے واضح کرتی ہے کہ ظلم، جبر، قتل و غارتگری اور اہل علم کو خاموش کرانے کی یہ روش کسی صورت قابل قبول نہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 18 MAY 2026 Page No. 15

دہشت گردی کے خدشات، صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ

اسلحے کی نمائش، موٹر سائیکل پر ڈبل سواری، اور پانچ یا زائد افراد کے اجتماعات پر پابندی عائد کردی گئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومت بلوچستان نے دہشت گردی کے خدشات کے پیش نظر صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے اسلحے کی نمائش موٹر سائیکل پر ڈبل سواری، اور پانچ یا زائد افراد کے اجتماعات پر پابندی عائد کردی ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق یہ پابندیاں فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی اور 30 روز تک برقرار رہیں گی۔ حکومتی حکم نامے کے مطابق عوامی مقامات پر چہروں کو ماسک، مفلر یا دیگر ذریعہ سے ڈھانپنے پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے تاکہ شناخت کے عمل میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ صوبائی حکومت نے دہشت گردی کے خدشات کے پیش نظر۔ اعلامیے میں صوبے کے تمام ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، پولیس حکام اور متعلقہ اداروں کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی دوسری جانب میڈیا معاون برائے داخلہ بابر یوسف زئی نے کہا ہے کہ دفعہ 144 کے نفاذ کے بعد ڈبل سواری اور چار سے زائد افراد کے اجتماع پر پابندی عائد کردی گئی ہے سیکورٹی ادارے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی جانب سے کسی بھی ممکنہ کارروائی سے نمٹنے کیلئے ہائی الرٹ ہیں کالعدم تنظیموں کی جانب سے کسی بھی قسم کی مہم جوئی یا ایڈونچر کا سخت اور منہ توڑ جواب دیا جائے گا سیکورٹی فورسز مکمل طور پر تیار اور الرٹ ہیں جبکہ کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔

زرغون غر سیکورٹی فورسز کا آپریشن، 35 سے زائد خوارج جہنم واصل، 3 اہم کمانڈرز گرفتار

دہشتگردوں کے متعدد ٹھکانے اور کیمپس مکمل طور پر تباہ کردیے گئے، خرابی امن کے ذمہ داروں کو انجام تک پہنچایا جائیگا، معاون وزیراعلیٰ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ 13 مئی سے سنگھ زرغون غر کے علاقے میں ٹی ٹی پی اور فتنہ الہندوستان کے خلاف جاری کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن میں سیکیورٹی فورسز نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان کے 35 سے زائد خوارج کو جہنم واصل کیا گیا جبکہ دہشتگردوں کے متعدد ٹھکانے اور کیمپس مکمل طور پر تباہ کردیے گئے ہیں شاہد رند نے کہا کہ کارروائی کے دوران کالعدم تنظیم کے تین اہم کمانڈرز کو بھی گرفتار کیا گیا ہے جن سے ابتدائی اہم معلومات حاصل ہوئی ہیں ان معلومات کی بنیاد پر مزید ٹارگٹڈ کارروائیاں جاری ہیں اور فتنہ الخوارج کے سہولت کاروں اور پشت پناہی کرنے والے عناصر کے گرد گھیرا مزید تنگ کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ ریاست پاکستان دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھے گی بلوچستان کے امن کو خراب کرنے والے عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو ہر صورت منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری قوت، عزم اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ دشمن کے ناپاک عزائم ناکام بنارہے ہیں شاہد رند نے کہا کہ یہ آپریشن نہ صرف علاقے بلکہ پورے ملک کے امن، استحکام اور قومی مفاد کے لیے ناگزیر ہے اور یہ کارروائیاں فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے تک بلاتعطل جاری رہیں گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 18 MAY 2026 Page No. 16

خضدار: چوری، قتل، منشیات اور اسلحہ فروشی کے ملزمان گرفتار

سی آئی اے اور سٹی پولیس نے الگ الگ کارروائیوں میں کامیابی حاصل کی

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار سی آئی اے پولیس نے راتوں رات چھاپے مار کر خضدار کے دو بے سے خطرناک مجرموں کو جکڑ لیا ایک وہ جس کے ہاتھ خون سے رنگے تھے اور 4 سال سے پولیس کو چکمہ دے رہا تھا دوسرا وہ جس کا کاروبار نوجوانوں کی زندگیاں برباد کرنا تھا پہلا شکار قتل کا اشتہاری 4 سال بعد دبوچ لیا گیا سی آئی اے انچارج نور احمد زہری کی قیادت میں ٹیم نے باغبانہ تھانہ کے قتل کیس نمبر 13/21 میں 302، 147، 149 کے تحت......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

مطلوب روپوش اشتہاری سکندر علی کو کامیاب کارروائی میں گرفتار کر لیا ملزم سال 2021 سے روپوش تھا اور پولیس کو مسلسل چکمہ دے رہا تھا گرفتاری کے بعد تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے دوسرا شکار کوکو کے نام سے مشہور منشیات فروش جال میں پھنس گیا دوسری کارروائی میں پولیس نے منشیات کے مکروہ دھندے میں ملوث محمد اسحاق عرف کوکو کو دبوچ لیا ملزم کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد ہوئی اس کے خلاف بھی فوری مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے سی آئی اے انچارج نور احمد زہری کا دوٹوک پیغام خضدار کی سرزمین اشتہاریوں اور منشیات فروشوں کیلئے تو کو

اریا بن چکی ہے کارروائیاں ابھی شروعات ہیں خاتمہ ہونے تک رکیں نہیں گی شہریوں نے سی آئی اے کی اس جارحانہ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس نے ثابت کر دیا کہ قانون کی گرفت سے کوئی بچ نہیں سکتا۔ در این اثناء خضدار سٹی پولیس نے رات کی تاریکی میں چھپے مجرموں کے خلاف کرجدار وار کرتے ہوئے شہر کو خوف سے نجات دلانے کا بیڑہ اٹھا لیا ایس ایچ او سٹی منیر عالم جنگ کی قیادت میں پولیس ٹیم نے ایک ہی رات میں دو الگ الگ کارروائیوں سے چوروں اور اسلحہ فروشوں کے نیٹ ورک پر کاری ضرب لگائی پہلی ضرب میں موٹر سائیکل چور گرفتار مسروقہ بائیک برآمد ہوٹلوں کے سامنے سے موٹر سائیکلیں غائب کرنے والے گروہ کے دو شاطر ملزمان منصور اور وحید کو پولیس نے گھیرے میں لے کر دبوچ لیا چھاپے کے دوران چوری شدہ موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی گئی دونوں کے خلاف فوری مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے دوسری ضرب میں اسلحہ بردار ملزم دبر لیا گیا دوسری کارروائی میں پولیس نے بشیر احمد نامی ملزم کو غیر قانونی 9 ایم ایم پسٹل سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کیا ملزم سے اسلحہ برآمد کر کے اس کے خلاف بھی قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے ایس ایچ او سٹی منیر عالم جنگ کا کہنا ہے کہ چوروں ڈاکوؤں اور اسلحہ برداروں کیلئے خضدار کی زمین تنگ کر دی جائے گی یہ کارروائیاں رکیں گی نہیں بلکہ مزید تیز ہوں گی شہریوں نے پولیس کی اس جارحانہ مہم کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اب رات کو بلا خوف شہریوں کو سکون کی نیند آئے گی۔

INTEKHAB QUETTA

تربت، تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملہ، 4 مزدور زخمی، گاڑی نذر آتش

ناصر آباد کے علاقے میں واقعہ پیش آیا، سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا

تربت (نمائندہ انتخاب) ناصر آباد کے علاقے لللین میں سڑک کی تعمیراتی کمپنی پر حملہ، چار مزدوروں کے زخمی ہونے کی اطلاع، ایک گاڑی نذر آتش ذرائع کے مطابق تربت مند شاہراہ کی زیر تعمیر سڑک منصوبے کی تعمیراتی کمپنی پر اتوار کی شام لللین کے مقام پر حملہ کیا گیا ہے فائرنگ کے تبادلہ میں چار مزدوروں کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے، حملہ آوروں نے ایک گاڑی کو بھی آگ لگا دی سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: JANG QUETTA
Bullet No 5 Dated 18 MAY 2026 Page No 17

خضدار: معذور افراد کیلئے مختص زمین پر قبضے کی کوشش، متاثرین نے قومی شاہراہ بند کردی

اجازت ملنے پر معذورین اپنی استطاعت کے مطابق تعمیر میں مصروف تھے کہ لینڈ مافیا اور بااثر گروہ سرگرم ہوگئے

خضدار (آن لائن) خضدار میں نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے معذور افراد کیلئے مختص زمین پر قبضے کی مبینہ کوشش اور مزاحمت کرنے پر معذور افراد پر تشدد کی اطلاعات سامنے آئی ہیں جس کے خلاف متاثرہ افراد نے سبزی منڈی ایریا میں احتجاج کرتے ہوئے قومی شاہراہ کو ہر قسم کی آمد ورفت کے لیے بند کردیا۔ واضح رہے کہ تقریباً بیس سال قبل حکومت کی جانب سے معذور افراد کو رہائشی کالونی کے قیام کے لیے ایک قطعہ اراضی الاٹ کیا گیا تھا، تاہم دو دہائیاں گزرنے کے باوجود مختلف انتظامی و قانونی پیچیدگیوں کے باعث وہ اس زمین پر تعمیرات شروع نہ کرسکے۔ حال ہی میں کمشنر قلات ڈویژن نکیل بلوچ اور ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی خصوصی ہدایت پر معذور افراد کو اپنی زمین پر تعمیرات کی اجازت دی گئی، جس کے بعد وہ اپنی محدود استطاعت کے مطابق اپنے خوابوں کے آشیانے تعمیر کرنے میں مصروف ہوگئے تھے۔ تاہم ذرائع کے مطابق معذور افراد کی یہ خوشی زیادہ دیر برقرار نہ رہ سکی اور مبینہ طور پر لینڈ مافیا یا بااثر گروہوں نے ان کی زمین پر قبضے کی کوشش کرتے ہوئے نہ صرف انہیں ہراساں کیا بلکہ مزاحمت پر تشدد کا بھی نشانہ بنایا۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ان نامعلوم بااثر عناصر کو فوری طور پر قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور معذور افراد کو انصاف و تحفظ فراہم کیا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

خضدار ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی لانے میں انتظامیہ ناکام

خضدار مسافر گاڑیوں ویگن اور کوچز کی عوام سے مہنگا کرایہ وصول کرنے پر سخت کارروائی کرکے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے، عوامی حلقے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار تا کوئٹہ کراچی اور سندھ شہدادکوٹ لاڑکانہ روٹس پر کوچز بس ویگن مالکان کی من مانی کرایہ وصولی نے عوام کو لوٹ کر رکھ دیا ہے ملک بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی کمی کے باوجود گاڑیوں کے کرایہ کم نہ ہوسکا جس پر مسافر شدید برہم ہیں ایرانی و ملکی دونوں پیٹرولیم مصنوعات کی کمی کے باوجود گاڑیوں کا پرانا کرایہ بدستور موجود ہے اور جان بوجھ کر عوام کی تذلیل کی جارہی ہے خضدار تا کوئٹہ کراچی اور خضدار تا سندھ چلنے والی گاڑیوں کا کرایہ مہنگائی کے اس دور سے اب تک عوام پر زبردستی مسلط کیا ہوا ہے پیٹرولیم مصنوعات کی ہر ماہ کمی کے باوجود گاڑیوں کے کرایہ میں ایک روپیہ تک کی نہ کی گئی ہے جو کھلی زیادتی ہے مسافروں کے اصرار پر گاڑی کے مالکان اس بات پر ناراض ہوتے ہیں اور بدتمیزی پر اتر آتے ہیں سرکاری کی جانب سے کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی ہے جس کی وجہ سے گاڑی مالکان کو کھلی چھوٹ مل گئی ہے گاڑیوں کا کرایہ وہی پرانا ہے جس دور میں ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی تھیں اب پیٹرول اور ڈیزل کی مسلسل کمی کے باوجود کرایوں میں ایک روپیہ تک کی نہ کی ہیا چار عوام کو بیدردی سے گاڑی مالکان کی لوٹ کھسوٹ کا سامنا ہے اور یہ سلسلہ بدستور جاری ہیا اس وقت ایرانی ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتیں 200 سے 220 روپے تک پہنچ گئی ہیں مزید قوی امکان ہے کہ اس ماہ میں مزید ایرانی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہو جائیں گی لیکن کرایوں میں کوئی فرق نہیں آیا سرکار کی جانب سے بسیجروں کی گاڑی مالکان، ویگنوں، کوچز اور بسوں کے کرایہ میں کمی نہ کرنے سے لوگ سخت پریشانی میں مبتلا ہیں خضدار کے علاوہ باقی اضلاع کے روڈ پرمٹ گاڑی مالکان نے اپنے علاقوں کے کرایوں میں کمی کی ہیواحد ڈسٹرکٹ خضدار ہے جہاں ابھی تک ویگن اور کوچز اور بسوں کے مالکان مسافروں سے وہی پرانی کرایہ وصول کررہے ہیں روزانہ کوئٹہ کراچی جانے والے مزدور طلباء اور مریض سب سے زیادہ متاثر ہورہے ہیں مسافروں کا کہنا ہے کہ جب تیل سستا ہوگیا تو کرایہ کم کیوں نہیں ہوتا یہ عوام سے کھلی زیادتی ہیانہوں نے کہا کہ ہمارے پاس کوئی متبادل نہیں اس لیے مجبوراً زائد کرایہ دینا پڑتا ہے خضدار کے عوامی سیاسی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار، اسسٹنٹ کمشنر خضدار اور دیگر حکام بالا سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ خضدار مسافر گاڑیوں ویگن اور کوچز کی عوام سے مہنگا کرایہ وصول کرنے پر سخت کارروائی کرکے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری ریٹ لسٹ جاری کرکے اس پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے آخر میں عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی کہ ضلعی انتظامیہ خضدار فوری مداخلت کرکے عوام کو اس لوٹ کھسوٹ سے نجات دلائیں گے۔

کوئٹہ مسائلستان بن چکا ہے، ملک ولید توخی

کوئٹہ (پ ر) معروف قبائلی، سیاسی وسماجی شخصیت ملک ولید خان توخی نے کہا ہے کہ گیس اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، امن وامان کی مخدوش صورتحال، ٹریفک کے بدترین نظام، صفائی کی ناگفتہ بہ حالت اور سرکاری پانی کی عدم فراہمی نے کوئٹہ کو مسائل کا گڑھ بنا دیا ہے۔ شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہوکر شدید ذہنی وجسمانی اذیت کا شکار ہیں جبکہ متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ شدید گرمی اور سردی دونوں موسموں میں گیس وبجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا دوبھر کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو شہریوں میں بے چینی مزید بڑھے گی۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کیے جائیں، گیس و بجلی کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، امن وامان کی صورتحال بہتر بنائی جائے۔

پرائمری سکول غوث آباد جدید دور میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم

کوئٹہ (پ ر) تحریک استحکام بلوچستان کے مرکزی رہنما میر عبدالمجید شکرزئی بلوچ اور استحکام بلوچستان کے صوبائی رہنما سردار زادہ حبیب اللہ افضل نے اپنے ایک مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ حاجی علی مدد جتک گورنمنٹ پرائمری سکول غوث آباد آج کے جدید دور میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے، جس کے باعث وہاں زیرتعلیم معصوم طلباء و طالبات اور تدریسی عملہ شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ اسکول میں پینے کے صاف پانی کی سہولت دستیاب نہیں جبکہ بجلی کی فراہمی کا بھی کوئی واضح اور مستقل انتظام موجود نہیں، جس سے گرمی کے موسم میں بچوں اور اساتذہ کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کی بنیاد ہوتی ہے لیکن بدقسمتی سے بلوچستان کے بیشتر سرکاری تعلیمی ادارے بنیادی ضروریات سے محروم ہیں۔ غوث آباد کے اس پرائمری اسکول کی صورتحال بھی حکومتی دعوؤں کی نفی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر تعلیم اور محکمہ تعلیم کی جانب سے بارہا یہ دعوے کیے جاتے ہیں کہ سرکاری اسکولوں کو تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جاچکی ہیں، لیکن زمینی حقائق ان دعوؤں کے برعکس دکھائی دیتے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ اگر تعلیمی اداروں میں پینے کے پانی، بجلی، بیت الخلاء اور دیگر بنیادی سہولیات موجود نہ ہوں تو وہاں بچوں کے لیے بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنا ممکن نہیں رہتا۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کم عمر بچے شدید گرمی اور نامناسب ماحول میں تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں جبکہ اساتذہ بھی مشکلات کے باوجود اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

18

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

18 MAY 2026

Bullet No 6 Page No.

بلاول بھٹو کا پیپلز ایئر ایمبولینس اور جدید ٹراما سنٹر کا باقاعدہ افتتاح!

گزشتہ روز پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنے کوئٹہ کے دورے کے دوران پیپلز ایئر ایمبولینس اور جدید ٹراما سنٹر کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ان کے ہمراہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ،صوبائی وزیر صحت بخت محمد خان کاکڑ اور اراکین اسمبلی بھی موجود تھے۔اس موقع پر بریفنگ میں بتایا گیا ہے کہ ایئر ایمبولینس کے آغاز کا مقصد صوبے کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے مریضوں کو بروقت اور فوری طبی امداد کی فراہمی اور ہنگامی صورتحال میں فضائی منتقلی کو ممکن بنانا ہے۔نئے قائم ہونے والے ٹراما سنٹر کو جدید طبی سہولیات سے آراستہ کیا گیا جس میں ایمرجنسی وارڈ، انتہائی نگہداشت یونٹس، جدید آپریشن تھیٹرز اور فوری تشخیص کی سہولیات شامل ہیں۔ایئر ایمبولینس میں جدید طبی آلات، آکسیجن سسٹم اور مانیٹرنگ مشینیں نصب کی گئی ہیں تاکہ دوران پرواز مریض کو مکمل طبی سہولت فراہم کی جاسکے۔اس کے علاوہ نوزائیدہ بچوں کی ہنگامی منتقلی کے لیے خصوصی انکیوبیٹر بھی شامل کیا گیا ہے۔اس طرح 150 بستروں پر مشتمل جدید ٹراما سنٹر کو جدید طبی سہولت بلوچستان میں ہنگامی طبی خدمات کے نظام کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دی جارہی ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ پیپلز ایئر ایمبولینس کا اجراء بلوچستان کے عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے اس کے ذریعے سیریس مریضوں کو دوسرے شہروں میں علاج ومعالجے کے لیے منتقل کیا جاسکے گا۔اس جدید ایئر ایمبولینس میں ایمرجنسی کے حوالے سے تمام آلات نصب ہیں جو کہ سیریس مریضوں کو دوسرے شہروں میں منتقل کرنے کے لیے مددگار ثابت ہوں گے ۔یہ بلوچستان کی تاریخ کا اہم کارنامہ ہے جس کا کریڈیٹ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے سر جاتا ہے کیونکہ اس سے قبل بلوچستان سے ایسی سروس مہیا نہیں کی گئی۔

جہاں تک 150 بستروں پر مشتمل جدید ٹراما سنٹر کا تعلق ہے تو یہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور صوبے کے دیگر عوام کے لیے ایمرجنسی کی صورت میں ایک احسن اقدام ہے اس میں جدید آلات نصب کئے گئے ہیں وہ ایمرجنسی میں لائے گئے مریضوں کو بروقت طبی امداد بہم پہنچانے میں مددگار ثابت ہوں گے ۔اور اس سے ان مریضوں کا بروقت اچھا علاج ممکن ہوسکے گا۔صوبائی حکومت کی جانب سے پیپلز ایئر ایمبولینس اور 150 بستروں پر مشتمل جدید ٹراما سنٹر کا قیام اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم صوبائی مخلوط حکومت صوبے کو علاج ومعالجے کی بہتر سہولتوں کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے اس سلسلے میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ وزیر اعلیٰ کے ویژن کے مطابق اقدامات کر رہے ہیں جو کہ یقیناً قابل تعریف بات ہے۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ پیپلز ایئر ایمبولینس کا فائدہ بلاتفریق عوام کو پہنچایا جائے اس میں کسی بھی قسم کی تفریق نہ کی جائے خصوصاً غریب عوام کا خاص خیال رکھا جائے کیونکہ وہ بھاری اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔اس کے ساتھ ساتھ عوام کو مزید علاج ومعالجے کی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے اقدامات کئے جائیں۔جن میں سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کی ادویات سمیت دیگر ٹیسٹوں کو سہولت بھی فراہم کی جائے جو کہ موجودہ حالات میں انتہائی ناگزیر ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 18 MAY 2026 Page No. 19

تربت میں لیڈی کانسٹیبل کی شہادت

تربت میں فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں لیڈی کانسٹیبل کی شہادت ایک بار پھر اس تلخ حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ دہشت گردی اور بدامنی کے عناصر اب بھی بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا یہ بیان کہ "دشمن جلد گرفت میں ہوگا" نہ صرف ریاستی عزم کی عکاسی کرتا ہے بلکہ عوام کیلئے یہ پیغام بھی ہے کہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گرد عناصر کے خلاف پوری قوت کے ساتھ سرگرم ہیں۔ ایک خاتون پولیس اہلکار کی شہادت محض ایک فرد کا نقصان نہیں بلکہ یہ ریاستی اداروں، قانون کی حکمرانی اور معاشرتی امن پر حملہ ہے۔ بلوچستان جیسے حساس صوبے میں خواتین پولیس اہلکاروں کی موجودگی انتہائی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ وہ نہ صرف سیکیورٹی نظام کا حصہ ہوتی ہیں بلکہ خواتین کے مسائل کے حل، سماجی رابطے اور عوامی اعتماد کی بحالی میں بھی کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ ایسے میں کسی لیڈی کانسٹیبل کو نشانہ بنانا

دراصل ان عناصر کی ذہنی شکست اور بزدلی کا ثبوت ہے جو بندوق کے ذریعے خوف پھیلانا چاہتے ہیں۔ بلوچستان گزشتہ کئی برسوں سے دہشت گردی، تخریب کاری اور بیرونی مداخلت کا سامنا کر رہا ہے۔ دشمن قوتیں صوبے کے امن، ترقیاتی منصوبوں اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کیلئے مختلف حربے استعمال کرتی رہی ہیں۔ خصوصاً تربت، گوادر اور مکران ڈویژن کے دیگر علاقوں میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملے اس بات کا ثبوت ہیں کہ دہشت گرد عناصر صوبے میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں تاکہ ترقی کا سفر متاثر ہو اور عوام میں خوف و ہراس پھیلے۔ تاہم یہ حقیقت بھی تسلیم کرنا ہوگی کہ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بے شمار قربانیاں دے کر حالات کو بہتر بنایا ہے۔ آج اگر صوبے میں ترقیاتی سرگرمیاں جاری ہیں، شاہراہیں محفوظ ہوئی ہیں اور سی پیک سمیت دیگر منصوبے آگے بڑھ رہے ہیں تو اس کے پیچھے انہی شہداء کا خون شامل ہے۔ لیڈی کانسٹیبل کی شہادت بھی اسی قربانیوں کی زنجیر کی ایک کڑی ہے جسے قوم کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا فوری ردعمل اور ملزمان کی گرفتاری کے عزم کا اظہار اہم ہے، مگر اس کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ ایسے واقعات کی مکمل تحقیقات شفاف انداز میں کی جائیں۔ صرف بیانات کافی نہیں ہوتے بلکہ عوام یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ مجرم واقعی قانون کی گرفت میں آئیں اور انہیں عبرتناک انجام تک پہنچایا جائے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب سے اہم عنصر ریاست کی رٹ اور فوری انصاف ہے۔ جب تک دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو سخت سزا نہیں ملے گی، ایسے عناصر دوبارہ سر اٹھانے کی کوشش کرتے رہیں گے۔ اس واقعے کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ بلوچستان پولیس کو مزید جدید تربیت، ٹیکنالوجی اور وسائل فراہم کیے جائیں۔ خصوصاً خواتین اہلکاروں کی سیکیورٹی، نقل و حرکت اور حساس علاقوں میں تعیناتی کے دوران خصوصی حفاظتی اقدامات ناگزیر ہیں۔ دنیا بھر میں انسداد دہشت گردی کیلئے جدید نگرانی نظام، انٹیلی جنس شیئرنگ اور فوری ردعمل کے میکنزم استعمال کیے جا رہے ہیں۔ بلوچستان میں بھی ان اقدامات کو مزید مؤثر بنانا وقت کی ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ دہشت گردی صرف سیکیورٹی مسئلہ نہیں بلکہ ایک سماجی، سیاسی اور معاشی چیلنج بھی ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا انتہائی ضروری ہے تاکہ دشمن عناصر انہیں گمراہ نہ کر سکیں۔ جب ریاست عوام کو اعتماد، انصاف اور بہتر مستقبل فراہم کرتی ہے تو دہشت گردی کی زمین خود بخود کمزور پڑ جاتی ہے۔ لیڈی کانسٹیبل کی شہادت پوری قوم کیلئے لمحہ فکریہ ہے، مگر ساتھ ہی یہ عہد کرنے کا موقع بھی ہے کہ بلوچستان کے امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ دہشت گرد عناصر یہ جان لیں کہ چند بزدلانہ حملوں سے نہ ریاست کمزور ہوگی اور نہ عوام کے حوصلے پست ہوں گے۔ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز، پولیس اور عوام نے ماضی میں بھی دہشت گردی کو شکست دی ہے اور آئندہ بھی دشمن کے ہر منصوبے کو ناکام بنائیں گے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ بلوچستان میں امن و استحکام کیلئے سیکیورٹی اقدامات کے ساتھ ساتھ سیاسی مفاہمت، سماجی ترقی اور معاشی بہتری کے عمل کو بھی تیز کیا جائے۔ کیونکہ پائیدار امن صرف بندوق سے نہیں بلکہ انصاف، ترقی اور عوامی اعتماد سے قائم ہوتا ہے۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 18 MAY 2026 Page No. 20

Thriving drug business

A couple of years back Quetta police backed by other law enforcement agencies successfully had taken action against drug peddlers in main Quetta city in which eight suspected drug smugglers and peddlers were killed. Police had also recovered arms and ammunition from them. It is very unfortunate that despite tight action against drug peddlers the business of drugs is not going to be controlled while the business of narcotics in Balochistan in general and in its capital Quetta in particular is thriving fast.

There drug peddlers had set up their dens in main city nullah which is just a few dozen yards away from the red zone area of Quetta and cantt. Owing to the thriving business of drugs, the number of addicts have increased manifold. The adductors could be seen on all main roads and footpaths of the city. Reports suggest that approximately 18 percent of Balochistan is indulged in different narcotics which is in fact a serious issue for the province whose half of the population is already living below the poverty line. The drug addicts are laying on footpaths of main Jinnah Road in daylight while other densely populated areas like Sariab, Ghousabad, Karotabad are considered main areas where drugs business is thriving and the authorities concerned are unable to take action against them. In some areas drug dealers are so powerful that they don't hesitate to deprive people of their lives. Balochistan shares a border with Afghanistan and Iran is more vulnerable to drugs as the border route of Balochistan is notorious for narcotics smuggling. Drug peddlers smuggle drugs from Afghanistan to different parts of the world passing through Balochistan border. The drug peddlers enjoyed a strong back in cities due to which their network is strong and breaking their network seems to be a difficult task for law enforcement agencies. Keeping in view the destruction of drugs being faced by our society the authorities concerned should take stern action against this vicious business and destroy all drug dens across the province.

The government must further expedite its efforts against drug peddlers and make their network dysfunctional from the province. The government should take concrete steps to address mounting unemployment, lack of opportunities of earning livelihood, and above all show not mercy for those who are involved in this heinous trade. Moreover, the government and NGOs ought to take steps for the rehabilitation of drug addicts so that they could be treated and brought back to their normal life. The authorities concerned show no mercy towards elements involved in this evil business.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6 Dated: 18 MAY 2026 Page No 21

جلتا بلوچستان، جمہوریت اور رجیم چینج کی ضرورت

تحریر: چوہدری شبیر احمد

بلوچستان ایک بار پھر سیاسی بے چینی، بدامنی اور حکومتی کمزوریوں کی لپیٹ میں دکھائی دے رہا ہے۔ صوبے کے حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں جہاں عوام کے اندر مایوسی، بے اعتمادی اور اضطراب مسلسل بڑھ رہا ہے۔ ہر گزرتے دن کے ساتھ یہ احساس مزید مضبوط ہوتا جا رہا ہے کہ بلوچستان کو محض روایتی سیاسی بیانات یا وقتی اتحادوں سے نہیں بلکہ ایک سنجیدہ، مضبوط اور عوامی اعتماد رکھنے والی قیادت کی ضرورت ہے۔ آج صوبے میں بڑھتی ہوئی بے چینی اس بات کا تقاضا کر رہی ہے کہ موجودہ سیاسی بندوبست پر از سر نو غور کیا جائے، کیونکہ حالات اب صرف بیانات سے قابو میں آنے والے نہیں رہے۔

بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہونے کے باوجود بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ تعلیم، صحت، روزگار، پینے کے صاف پانی اور انفراسٹرکچر جیسے بنیادی مسائل آج بھی عوام کے سامنے کھڑے ہیں۔ صوبے کے نوجوان ڈگریاں ہاتھوں میں لیے بے روزگار پھر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب بدامنی اور احساس محرومی نے کئی علاقوں کو شدید متاثر کیا ہوا ہے۔ ایسے میں حکومت کی ذمہ داری تھی کہ وہ عوامی مسائل کو ترجیح دیتی، مگر بدقسمتی سے اقتدار کے ایوانوں میں عوامی خدمت سے زیادہ سیاسی مفادات کو اہمیت دی گئی۔

موجودہ سیاسی اتحاد کے اندر بھی اختلافات کھل کر سامنے آ رہے ہیں۔ خاص طور پر مسلم لیگ کے کارکنوں، رہنماؤں اور اتحادی حلقوں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ ان کا مؤقف ہے کہ گزشتہ ڈھائی برسوں میں نہ صرف ان کے سیاسی کردار کو محدود کیا گیا بلکہ ترقیاتی فنڈز، انتظامی اختیارات، ٹرانسفر پوسٹنگ اور حلقوں کے معاملات میں بھی انہیں مسلسل نظر انداز کیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ اب یہ مطالبہ زور پکڑ رہا ہے کہ طے شدہ معاہدے کے مطابق اقتدار کی تبدیلی کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے۔

سیاسی مبصرین کے مطابق بلوچستان میں جاری صورتحال صرف ایک سیاسی اختلاف نہیں بلکہ گورننس کے بحران کی علامت بن چکی ہے۔ جب اتحادی جماعتیں خود حکومتی معاملات سے مطمئن نہ ہوں، جب عوام کو ریلیف نہ مل رہا ہو، جب بدامنی میں اضافہ ہو رہا ہو اور جب سیاسی کارکن خود کو بے اختیار محسوس کریں تو پھر ایسے نظام پر سوالات اٹھنا فطری امر بن جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب "رجیم چینج" کو صرف اقتدار کی تبدیلی نہیں بلکہ صوبے میں استحکام کی کوشش کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

بلوچستان کے عوام آج یہ سوال پوچھ رہے ہیں کہ اگر موجودہ سیٹ اپ عوامی توقعات پوری کرنے میں ناکام ہو چکا ہے تو پھر تبدیلی کیوں نہ آئے؟ جمہوریت کا حسن ہی یہی ہے کہ جب نظام کمزور ہو جائے تو آئینی اور سیاسی طریقے سے اصلاح کی جائے۔ دنیا بھر میں جمہوری نظام اسی اصول پر چلتے ہیں کہ عوامی اعتماد سب سے بڑی طاقت ہوتا ہے۔ اگر یہ اعتماد ختم ہونے لگے تو پھر نئی قیادت، نئی سوچ اور نئے فیصلے ناگزیر ہو جاتے ہیں۔

تاہم یہاں ایک حقیقت کو سمجھنا بھی ضروری ہے کہ بلوچستان صرف چہروں کی تبدیلی سے نہیں بدلے گا۔ اگر رجیم چینج صرف اقتدار کی نئی بندر بانٹ بن گئی تو اس کے نتائج بھی ماضی جیسے ہوں گے۔ صوبے کو ایسی قیادت درکار ہے جو حقیقی معنوں میں عوامی مسائل کو سمجھے، صوبے کے وسائل کو عوام کی فلاح کے لیے استعمال کرے، نوجوانوں کو روزگار دے، تعلیم اور صحت کے شعبے کو بہتر بنائے اور سب سے بڑھ کر صوبے میں سیاسی اعتماد بحال کرے۔

آج بلوچستان کو سیاسی انتقام نہیں بلکہ سیاسی استحکام کی ضرورت ہے۔ ایسے فیصلے کرنے ہوں گے جو عوام کو یہ احساس دلائیں کہ حکومت ان کے مسائل کے حل میں سنجیدہ ہے۔ اگر سیاسی جماعتیں صرف اقتدار کے حصول کی جنگ لڑتی رہیں اور عوامی مسائل پس منظر میں چلے گئے تو حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ اس وقت بلوچستان کو ایک ایسی سیاسی حکمت عملی کی ضرورت ہے جو تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلے اور صوبے کو بدامنی اور بے یقینی کے دلدل سے نکال سکے۔

یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ بلوچستان کے عوام اب سیاسی نعروں سے آگے سوچ رہے ہیں۔ وہ کارکردگی چاہتے ہیں، انصاف چاہتے ہیں اور ایک ایسا نظام چاہتے ہیں جہاں ان کی آواز سنی جائے۔ اگر موجودہ حکمرانی اس اعتماد کو بحال کرنے میں ناکام رہی ہے تو پھر جمہوری انداز میں تبدیلی ایک جائز اور فطری عمل ہے۔

آج جلتا بلوچستان اپنے حکمرانوں سے صرف ایک سوال پوچھ رہا ہے: کیا اقتدار عوام کی خدمت کے لیے ہے یا صرف سیاسی مفادات کے تحفظ کے لیے؟ اگر اس سوال کا جواب عوامی مفاد میں نہیں دیا گیا تو پھر حالات مزید سنگین ہو سکتے ہیں۔ وقت کا تقاضا یہی ہے کہ ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر بلوچستان کے مستقبل کا فیصلہ کیا جائے، کیونکہ ایک پرامن، مستحکم اور ترقی یافتہ بلوچستان ہی پاکستان کی مضبوطی کی ضمانت ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Zamana Quetta
Bullet No. 6 Dated: 18 MAY 2026 Page No. 22

استحکام کی سیاست اور بلوچستان کا مستقبل

بلوچستان کی سیاست ہمیشہ غیر یقینی، جوڑ توڑ، وقتی مفاہمتوں اور اقتدار کی تبدیلیوں کے گرد گھومتی رہی ہے۔ اس سرزمین نے ایسے ادوار بھی دیکھے جب حکومتیں چند مہینوں میں تحلیل ہو گئیں، اتحادی جماعتیں ایک دوسرے کے خلاف صف آرا ہوئیں اور عوامی مینڈیٹ سیاسی مصلحتوں کی نذر ہوتا رہا۔ ایسے ماحول میں اگر کوئی قومی رہنما کھل کر یہ اعلان کرے کہ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ اپنی آئینی مدت مکمل کریں گے اور ترقیاتی منصوبے انہی کے دور میں پایہ تکمیل تک پہنچیں گے، تو یہ محض ایک سیاسی بیان نہیں بلکہ ایک بڑے سیاسی پیغام کی حیثیت اختیار کر جاتا ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو کی جانب سے یہ کہنا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنی پانچ سالہ مدت مکمل کریں گے، دراصل بلوچستان کی سیاست میں استحکام، اعتماد اور تسلسل کی نئی بحث کو جنم دے رہا ہے۔ گزشتہ کئی ماہ سے سیاسی حلقوں میں یہ چہ مگوئیاں گردش کر رہی تھیں کہ بلوچستان میں اقتدار کی تقسیم کے تحت مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان ڈھائی ڈھائی سالہ فارمولا طے پایا ہے، جس کے تحت وزارت اعلیٰ تبدیل ہو سکتی ہے۔ لیکن بلاول بھٹو کے واضح اور دوٹوک بیان نے نہ صرف ان افواہوں کو پس منظر میں دھکیل دیا بلکہ یہ اشارہ بھی دیا کہ وفاقی سطح پر پیپلز پارٹی بلوچستان میں سیاسی استحکام کو اولین ترجیح دینا چاہتی ہے۔

بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا مگر سب سے زیادہ محروم صوبہ رہا ہے۔ یہاں وسائل کی فراوانی کے باوجود ترقی کی رفتار ہمیشہ سست رہی۔ ماضی میں حکومتوں کی کمزور بنیادوں، سیاسی عدم استحکام، بیوروکریسی کی بار بار تبدیلی، امن و امان کے مسائل اور پالیسیوں کے تسلسل کے فقدان نے صوبے کو شدید نقصان پہنچایا۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان میں جب بھی کوئی حکومت کچھ عرصہ استحکام کے ساتھ چلتی ہے تو اس کے اثرات براہ راست ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری، امن و امان اور انتظامی بہتری پر مرتب ہوتے ہیں۔

میر سرفراز بگٹی کے بارے میں یہ تاثر موجود ہے کہ وہ ایک جارحانہ، متحرک اور نسبتاً فیصلہ کن انداز رکھنے والے سیاستدان ہیں۔ وزارت داخلہ سے لے کر وزیر اعلیٰ ہاؤس تک ان کا سیاسی سفر اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ وہ سیکیورٹی، انتظامی نظم و ضبط اور سیاسی معاملات میں واضح مؤقف رکھنے کے قائل ہیں۔ اگر واقعی انہیں پانچ سال کا مکمل وقت ملتا ہے تو یہ بلوچستان کی تاریخ میں ایک غیر معمولی سیاسی موقع ہو سکتا ہے۔

سب سے اہم پہلو ترقیاتی منصوبوں کا ہے۔ بلوچستان اس وقت مختلف شعبوں میں بڑے منصوبوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ سڑکوں کے جال، صحت کے منصوبے، تعلیم کے شعبے میں اصلاحات، گوادر کی

تحریر: خلیل احمد

ترقی، توانائی کے منصوبے اور شہری انفراسٹرکچر جیسے معاملات ایسے ہیں جن کے لیے پالیسی کے تسلسل کی ضرورت ہوتی ہے۔ حکومتیں جب بار بار تبدیل ہوتی ہیں تو منصوبے یا تو تعطل کا شکار ہو جاتے ہیں یا پھر نئی ترجیحات کے باعث ان کی رفتار سست پڑ جاتی ہے۔ اگر سرفراز بگٹی اپنی آئینی مدت مکمل کرتے ہیں تو اس سے صوبے میں جاری منصوبوں کی تکمیل کے امکانات کہیں زیادہ مضبوط ہو سکتے ہیں۔

سیاسی استحکام سرمایہ کاری کے دروازے بھی کھولتا ہے۔ بلوچستان طویل عرصے سے سرمایہ کاروں کے لیے غیر یقینی کی علامت سمجھا جاتا رہا ہے۔ ایک ایسی حکومت جو اپنی مدت پوری کرنے کی پوزیشن میں ہو، وہ نہ صرف وفاق بلکہ بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بھی حاصل کر سکتی ہے۔ گوادر، معدنیات، زراعت، لائیو اسٹاک اور سیاحت جیسے شعبے بلوچستان کی معیشت کو نئی سمت دے سکتے ہیں، مگر اس کے لیے سب سے پہلی شرط سیاسی اور انتظامی تسلسل ہے۔

اسی طرح امن و امان کا مسئلہ بھی بلوچستان کی سیاست کا اہم ترین جزو ہے۔ ماضی میں بدامنی، دہشت گردی اور علیحدگی پسند سرگرمیوں نے صوبے کی ترقی کو بری طرح متاثر کیا۔ سرفراز بگٹی چونکہ سیکیورٹی معاملات کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، اس لیے ان کی حکومت اگر مستقل مزاجی کے ساتھ چلتی ہے تو سیکیورٹی پالیسیوں میں بھی تسلسل آ سکتا ہے۔ اس سے نہ صرف عوام کا اعتماد بحال ہوگا بلکہ ریاستی رٹ مزید مضبوط ہو سکتی ہے۔

تاہم یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ بلوچستان جیسے پیچیدہ صوبے میں صرف مدت پوری کرنا ہی کامیابی نہیں ہوتا۔ اصل امتحان عوامی مسائل کے حل میں پوشیدہ ہے۔ بے روزگاری، پانی کی قلت، تعلیمی پسماندگی، صحت کی ناکافی سہولیات اور احساس محرومی جیسے مسائل آج بھی بلوچستان کے عوام کے بنیادی سوالات ہیں۔ اگر حکومت سیاسی استحکام کو عوامی ریلیف میں تبدیل نہیں کر پاتی تو محض پانچ سال مکمل کرنا کوئی بڑی سیاسی کامیابی تصور نہیں ہوگا۔

بلاول بھٹو کے بیان کا ایک اہم سیاسی پہلو یہ بھی ہے کہ اس سے اتحادی سیاست میں اعتماد کا تاثر پیدا ہوا ہے۔ وفاقی سیاست میں جہاں اکثر اتحادی جماعتیں ایک دوسرے پر دباؤ ڈالتی دکھائی دیتی ہیں، وہاں بلوچستان کے حوالے سے پیپلز پارٹی کی جانب سے یہ پیغام دینا کہ حکومت اپنی مدت پوری کرے گی، ایک مثبت سیاسی علامت ہے۔ اس سے نہ صرف صوبائی حکومت کو تقویت ملے گی بلکہ اپوزیشن کی جانب سے پیدا کی جانے والی غیر یقینی کی فضا بھی کم ہو سکتی ہے۔

بلوچستان کے عوام اب نعروں سے زیادہ عملی نتائج دیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ سڑکیں چاہتے ہیں، روزگار چاہتے ہیں، تعلیم چاہتے ہیں، صحت چاہتے ہیں اور سب سے بڑھ کر وہ عزت اور اختیار چاہتے ہیں۔ اگر میر سرفراز بگٹی کی حکومت سیاسی استحکام کو عوامی ترقی میں بدلنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو یہ صرف ایک وزیر اعلیٰ کی کامیابی نہیں ہوگی بلکہ بلوچستان کی سیاسی تاریخ کا ایک نیا باب ثابت ہو سکتا ہے۔

آج بلوچستان ایک نازک مگر فیصلہ کن موڑ پر کھڑا ہے۔ ایک طرف ماضی کی محرومیاں ہیں، تو دوسری طرف ترقی کے نئے امکانات۔ ایک طرف سیاسی عدم استحکام کی تلخ روایات ہیں، تو دوسری جانب تسلسل اور استحکام کی امید۔ بلاول بھٹو کے بیان نے کم از کم یہ تاثر ضرور دیا ہے کہ وفاقی سطح پر بلوچستان کو اب وقتی سیاسی تجربہ گاہ کے بجائے ایک سنجیدہ سیاسی اکائی کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

اگر یہ وعدے عملی شکل اختیار کرتے ہیں، اگر حکومت واقعی اپنی آئینی مدت مکمل کرتی ہے، اگر ترقیاتی منصوبے زمین پر نظر آتے ہیں اور اگر عوام کو حقیقی ریلیف ملتا ہے، تو آنے والے برس بلوچستان کے لیے محض سیاسی تبدیلی نہیں بلکہ ایک تاریخی موڑ ثابت ہو سکتے ہیں۔ اور شاید پہلی بار بلوچستان کے عوام یہ محسوس کریں کہ اقتدار کی کرسی صرف تبدیل ہونے کے لیے نہیں بلکہ خدمت اور تعمیر کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے۔